مذکارنی نے انجیر کے فوائد کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے بتایا کہ یہ بھوک لگانے والی، سکون آور، دافع سوزش اور ورم، ملین، جسم کو ٹھنڈک پہنچانے والی اور مخرج بلغم ہے۔ انجیر کے دودھ میں غذا کو ہضم کرنے والے جوہر Papaine کی مانند ہوتے ہیں۔ یہ غذا میں موجود نشاستہ کو منٹوں میں ہضم کر دیتے ہیں۔ ان فوائد کے ساتھ ساتھ ان میں بڑی عمدہ غذائیت بھی موجود ہے۔ اس میں کوئی شک کی بات نہیں ہے کہ انجیر غذا کو مکمل طور پر ہضم کرنے کی طاقت رکھتی ہے۔ اس کے علاوہ درد جسم کے کسی بھی حصہ میں ہو اسے ختم کرتی ہے۔ جھلیوں کی جلن کو رفع کرتی ہے اور پیٹ کو چھوٹا کرتی ہے۔ بھارتی ماہرین بھی متفق ہیں کہ انجیر پتھری کو مار سکتی ہے۔

سیب کا سرکہ وزن کم کرنے میں مددگار

سیب کا سرکہ جہاں ذیابیطس کے علاج میں اکسیر ہے وہیں دانت صاف کرنے کے لیے بھی اسے استعمال کیا جاتا ہے لیکن اس کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں وزن کم کرنے کی زبردست صلاحیت ہے۔

اسے انگریزی میں ''ایپل سائیڈر ونیگر'' یا اے سی وی کہا جاتا ہے۔ امریکا میں ایریزونا اسٹیٹ یونیورسٹی کی خاتون پروفیسر گزشتہ 10 برس سے اس سرکے پر تحقیق کر رہی ہیں۔ 2009 میں جاپانی ماہرین نے بھی انکشاف کیا تھا کہ اگر دن میں 2 مرتبہ ہلکی شدت والے سیب کے سرکے کے 2،2 چمچے پی لیے جائیں تو اس سے 12 ہفتوں میں 2 سے 3 کلوگرام وزن کم کیا جاسکتا ہے۔ خاتون پروفیسر کے مطابق نئے تجربات سے معلوم ہوا ہے کہ اس سے استحالہ (میٹابولزم) کو تبدیل کرکے وزن کم کرنے میں مدد ملتی ہے تاہم اس کیلیے مزید تجربات کی ضرورت ہے۔ پروفیسر کے مطابق سیب کا سرکہ خون میں شکر کی مقدار برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور جو لوگ ذیابیطس کے دہانے پر ہیں اگر وہ پاستہ اور پیزا کھائیں تو ان کے خون میں شکر کی مقدار بڑھ جاتی ہے جب کہ سیب کا سرکہ اس کیفیت کو قابو کرسکتا ہے جس کی وجہ ایسیٹک ایسڈ ہے۔ ان کا مشورہ ہے کہ سرکہ پینے سے قبل اس میں تھوڑا پانی ملا کر اس کی شدت کو کم کیا جائے کیونکہ خالص سرکہ معدے اور حلق کو متاثر کرسکتا ہے۔ خاتون پروفیسر کا کہنا ہیکہ 2 چمچے سیب کا سرکہ 8 اونس پانی میں ملا کر پیا جائے اور اگر سرکے کے ساتھ سبز سلاد بھی کھاسکیں تو اس کے بہترین اثرات مرتب ہوں گے۔

ناپ تول میں کمی کرنا، ڈنڈی مارنا،، ملاوٹ کرنے والوں کے لئے قرآن کی وعید :

ناپ کر اپنا حق پورا لینا کوئی جرم کی بات نہیں۔ یہ جرم صرف اس وقت بنتا ہے جب اپنا حق تو پورا لیا جائے اور دوسروں کو کم دیا جائے۔ پھر اس جرم میں کمی بیشی کی کئی صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ آدمی اپنا حق بھی کم لے اور دوسروں کو بھی کم دے۔ بالفاظ دیگر اس کا پیمانہ یا باٹ ہی چھوٹا ہو اسی سے وہ لاتا بھی ہو اور دیتا بھی ہو اور ڈنڈی بھی نہ مارتا ہو۔ اس صورت میں بھی یہ جرم ہے مگر جرم کی شدت کم ہو جاتی ہے۔ دوسری یہ کہ آدمی لیتے وقت پورا یا زیادہ لے اور دیتے وقت کم دے۔ اس صورت میں جرم دگنا بلکہ تگنا ہو جاتا ہے۔ لین دین کی اصل بنیاد عدل ہے یعنی پورا پورا دو۔ اور قرآن کریم میں بے شمار مقامات پر اس کی سخت تاکید آئی ہے کہ جب تولو تو سیدھی ڈنڈی سے تولو اور کسی کو اس کا حق کم نہ دو۔ پورا یا زیادہ لینا اور دوسروں کو کم دینا اتنا بڑا جرم ہے جس کی وجہ سے سیدنا شعیب علیہ السلام کی قوم پر عذاب نازل ہوا تھا۔ اسلام نے مسلمانوں کو عدل سے بھی اگلے درجہ یعنی احسان یا ایثار کی ہدایت فرمائی ہے اور وہ یہ ہے کہ آدمی اپنا حق لیتے وقت تھوڑے سے کم پر اکتفا کر لے اور دیتے وقت تھوڑا سا زیادہ دے دے۔ چنانچہ ایک دفعہ آپ مدینہ کی منڈی میں تشریف لے گئے۔ ایک تولا غلہ تول رہا تھا اسے آپ نے ہدایت فرمائی کہ "زِن وارجح" (نسائی، کتاب البیوع) یعنی تول اور تھوڑا سا جھکتا تول۔ غور فرمائیے جس معاشرہ میں ایسا دستور رواج پا جائے اس میں کوئی لین دین کا تنازعہ پیدا ہو سکتا ہے؟

تطفیف کا لغوی مفہوم:۔

مُطَفِّفِینَ۔ طفیف بمعنی معمولی اور حقیر چیز اور طفف بمعنی ناپ کا پیمانہ بھرتے وقت تھوڑا سا کم بھرنا یا پیمانہ ہی تھوڑا سا چھوٹا رکھنا تاکہ غلہ لینے والے کو یہ معلوم نہ ہو سکے کہ اسے اس کا حق تھوڑا سا کم دیا جا رہا ہے۔ عرب میں زیادہ تر اشیاء کو ناپ کر دینے کا رواج تھا۔ تول کر دینے کا کم تھا۔ تاہم تھا ضرور۔ ہمارے ہاں زیادہ تر تول کر دینے کا رواج ہے۔ تول کر کم دینے کے لیے ہمارے ہاں ڈنڈی مارنے کا محاورہ عام ہے۔ اسی لیے اس کا ترجمہ ڈنڈی مارنے سے کیا گیا ہے پھر ڈنڈی مارنا اس لحاظ سے زیادہ ابلغ ہے کہ دیتے وقت ڈنڈی مار کر چیز کم دی جاسکتی ہے اور لیتے وقت ڈنڈی مار کر چیز تھوڑی سی زیادہ لی جاسکتی ہے۔ نیت کا بگاڑ ہونے کے لحاظ سے کسی کو حق سے کم دینا اور خود لیتے وقت حق سے زیادہ لینا دونوں ہی ایک جیسے جرم یعنی کبیرہ گناہ ہیں۔

جھکتا تولنے کی ہدایت:۔

اور جو شخص جھکتا تول کر دے رہا ہے اسے جب اس کا حق ملے گا تو وہ بھی جھکتا ہی ملے گا۔ اور اسے بھی کوئی کسر نہ رہے گی پھر ایسے معاشرہ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور برکتوں کا جو نزول ہوگا اس کا اندازہ تجربہ سے ہی کیا جاسکتا ہے۔

تباہی ہے ڈنڈی مارنے والوں کے لیے۔ (بُرا ہو ناپ تول میں کمی کرنے والوں کا)(1)

جن کا حال یہ ہے کہ جب لوگوں سے لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں، (2)

اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو انہیں گھاٹا دیتے ہیں۔ (3)

کیا یہ لوگ نہیں سمجھتے کہ (ایک بڑے دن) یہ اٹھا کر لائے جانے والے ہیں؟(4)

ایک بڑے دن!(5)

اس دن جبکہ سب لوگ ربّ العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے۔(6)

ہرگز نہیں! یقیناً بدکاروں (فُجّار) کا نامہ اعمال قید خانے کے دفتر میں ہے۔(7)

اور تمہیں کیا معلوم کہ کیا ہے وہ (سجّین) قید خانے کا دفتر (8)

وہ ایک کتاب ہے لکھی ہوئی۔ (لکھا ہوا دفتر)(9)

تباہی ہے اس روز جھٹلانے والوں کے لیے(10)

جو روز جزا کو جھٹلاتے ہیں۔(11)

اور اس (روز قیامت کو) نہیں جھٹلاتا مگر ہر وہ شخص جو حد سے گزر جانے والا (مُعتَد) ہے بدعمل (حق تلف) (ہے۔(12)

اسے جب ہماری آیات سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ تو اگلے وقتوں کی کہانیاں ہیں۔(13)

ہرگز نہیں! بلکہ دراصل اِن کے دلوں پر اِن کے برے اعمال کا زنگ چڑھ گیا ہے۔(14)

ہرگز نہیں! بالیقین اس روز یہ اپنے رب کی دید سے محروم رکھے جائیں گے،(15)

پھر یہ جہنم میں جا پڑیں گے،(16)

پھر ان سے کہا جائے گا یہ وہی چیز ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

المطففین (17)

اسی نے آسمان کو بلند کیا اور اسی نے ترازو رکھی اور رکھ دی ترازو تاکہ تم لوگ کمی بیشی نہ کرو (ناپنے) تولنے میں انصاف کے ساتھ ٹھیک ٹھیک تولو (وزن میں کمی نہ کرو) اور ترازو میں ڈنڈی نہ مارو۔

الرحمٰن--(9)

اور یہ کہ مالِ یتیم کے قریب نہ جاؤ، مگر ایسے طریقہ سے جو بہترین ہو یہاں تک کہ وہ اپنے سنِ رُشد کو پہنچ جائے، اور ناپ تول میں پورا انصاف کرو، ہم ہر شخص پر ذمہ داری کا اُتنا ہی بار رکھتے ہیں جتنا اس کے امکان میں ہے، اور جب بات کہو انصاف کی کہو خواہ معاملہ اپنے رشتہ دار ہی کا کیوں نہ ہو، اور اللہ کے عہد کو پورا کرو۔ ان باتوں کی ہدایت اللہ نے تمہیں کی ہے شاید کہ تم نصیحت قبول کرو۔

الانعام--(152)

اور جب ناپنے لگو تو بھر پورے پیمانے سے ناپو اور سیدھی ترازو سے تولا کرو۔ یہی بہتر ہے اور انجام کے لحاظ سے بھی بہت اچھا ہے۔

الاسرا--35

اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب (علیہ اسلام) کو بھیجا انہوں نے فرمایا اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے واضح دلیل آ چکی ہے پس تم ناپ اور تول پورا پورا کیا کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم کر کے مت دو اور روئے زمین میں اس کے بعد اس کی درستی کر دی گئی فساد مت پھیلاؤ یہ تمہارے لئے نافع ہے اگر تم تصدیق کرو۔

سانس کے نظام میں موجود وائرس یا بیکٹریا کو ہلاک کرنے کی طاقت نہیں رکھتی ہیں۔مثلاً نظام تنفس کی مدافعتی صلاحیت کے ذریعے انفیکشن برانکائٹس کی روک تھا موئثر انداز میں ہوتی ہے۔

مادرانہ اینٹی باڈیز کی عمر

مادرانہ اینٹی باڈیز کی عمر زیادہ نہیں ہوتی جیسے جیسے چوزوں کی عمر بڑھتی جاتی ہے مادرانہ اینٹی باڈیز باڈیز ختم ہونے لگتی ہیں اور چوزوں کا ٹائیٹر بتدریج کم ہونے لگتا ہے عموماً یہ چوزوں کو ایک سے 3 ہفتے کی عمر تک بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتی ہیں عام طور پر میٹرنل اینٹی باڈیز کی نصف عمر چار روز ہوتی ہے۔

طویل عرصے تک برقرار رہتے ہیں ،مرغیوں میں اینٹی باڈی یکساں مقدار میں پیدا ہوتی ہے اس کی وجہ سے چوزوں کے جسم کے اندر بھی اینٹی باڈیز کی مقدار میں یکسانیت پیدا ہوجاتی ہے۔

میٹرنل اینٹی باڈیز کے مخصوص اثرات

اپنے کام کے اعتبار سے مخصوص میٹریل اینٹی باڈیز مختلف ہوتی ہیں اور ہر اینٹی باڈی کسی خاص بکٹریم اور وائرس کے لیے مفید ہوتی ہے۔البتہ یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ یہ کسی ایک organism کے ذریعے پیدا ہوتی ہے اور وہ چوزوں کو کسی دوسرے organism سے محفوظ نہیں رکھ سکتی ،مثال کے طور پر BD وائرس کی روک تھام کے لیے مخصوص اینٹی باڈی کے ذریعے چوزوں کو این ڈی کے وائرس سے بچانا ممکن ہے۔چونکہ میٹرنل اینٹی باڈیز چوزوں کے خون میں موجود ہوتی ہیں اس لئے ان کی نوعیت بھی مخصوص ہوتی ہے۔شریانوں میں موجود اینٹی باڈیز

مادرانہ قوت مدافعت تیسرے ہفتے کے اختتام تک غیر موثر ہوجاتی ہے۔اور چوتھا ہفتہ ختم ہونے پر بالکل ختم ہو جاتی ہے۔چوزوں میں مادرانہ اینٹی باڈیز کی زیادہ عرصے تک موجودگی کو یقینی بنانے کے لیے oil adjuvan vaccine کے ذریعے بریڈر فلاک میں زیادہ قوت مدافعت پیدا کرنا پڑتی ہے۔

ابتدائی ویکسینیشن پر اثرات:

چوزوں کی ابتدائی عمر میں قوت مدافعت پر میٹرنل اینٹی باڈیز کا نمایاں اثر ہوتا ہے۔چوزوں کے بدن میں ان کی مقدار زیادہ ہوگی تو اب ابتدائی عمر میں چوزوں کی ویکسی نیشن سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوں گے اس طرح یہ ایک منفی عمل کا کردار ادا کرتی ہیں ۔دراصل ہوتا یہ ہے کہ ویکسین میں جو اینٹی جن موجود ہوتا ہے اسے میٹرنل اینٹی باڈیز کی زیادہ مقدار غیر موثر بنا دیتی ہے اور نتیجے کے طور پر ویکسینیشن محض ایک ناکام عمل ثابت ہوتا ہے۔لیکن یہ ضروری نہیں کہ اس کی وجہ سے چوزوں کی صحت کے لئے کوئی سنگین مسئلہ لازمی طور پر پیدا ہو جائے۔اس نتیجے کا انحصار متعدد عوامل پر ہوتا ہے۔ان میں بیماریوں کے ایجنٹ یا محرکات کا کردار بہت اہمیت رکھتا ہے،اس کے ساتھ ہی ان بیماریوں کے ایجنٹ یا محرکات کا کردار بہت اہمیت رکھتا ہے،اس کے ساتھ ہی ان بیماریوں سے مدافعت کے لیے درکار امیون رسپانس immune response کی قسم اور اس کی مقدار بہت اہمیت رکھتی ہے۔کوئی ویکسین چوزوں پر کس قدر اثر انداز ہوگی اس کا اانحصار چوزوں میں موجود میٹرنل اینٹی باڈیز کی سطح پر ہوتا ہے۔میٹرنل باڈیز کے اثرات کا جائزہ لینے کے لیے میرکس ڈیزیز رانی کھیت اور آئی بی ڈی کا جائزہ اس مقصد سے لینا چاہئے کہ ابتدائی عمر کے چوزوں پر ان بیماریوں کی ویکسی نیشن سے کیا نتائج مرتب ہوئے ؟ میرکس ڈیزیز سے بچاؤ کے لیے دی گئی ویکسین کی کامیابی کا انحصار cellmediated immunity ہوتا ہے۔جبکہ رانی کھیت اور آئی بی سے مدافعت کا انحصار بنیادی طور پر medicated اینٹی باڈیز پر ہوتا ہے،تاہم یہ کوئی پریشان کن مسئلہ اس لیے نہیں ہے کہ ویکسین کی خوراک میں اضافہ کر کے اس پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ذیل میں وہ اہم اقدامات تجویز کئے جارہے ہیں جن پر عمل کر کے مسئلہ کو حل کیا جاسکتا ہے۔

1. چوزوں کو ابتدائی عمر میں ویکسین دیتے وقت ان میں موجود مادرانہ اینٹی باڈیز کی سطح کو ہرگز نظر انداز نہ کیا جائے۔

2۔چوزوں میں میٹرنل اینٹی باڈیز کی موجودگی کا Random screening کے ذریعے پتہ لگانا چاہیے اگر اس کی سطح زیادہ ہو تو چوزوں کی ویکسی نیشن ملتوی کر دینی چاہیے ۔

3۔ چوزوں میں اینٹی باڈیز کی یکسانیت کے حصول کے لیے پیرنٹ اسٹاک کی مناسب وقفوں سے اسکریننگ کرنی چاہئے تاکہ صحیح صورت حال واضح ہوسکے اور ان میں میٹرنل اینٹی باڈی کی یکسانیت پیدا کی جاسکے۔

4۔عموماً دوسرے اور تیسرے نمبر پر درج اقدامات کو زیادہ بہتر سمجھا جاتا ہے۔

چوزوں میں موروثی اینٹی باڈیز

بڑی عمر کی مرغیوں کے مقابلے میں ہیچنگ سے نکلتے ہوئے ابتدائی عمر کے چوزوں میں اینٹی باڈی پیدا کرنے اور ویکسین دیئے جانے کے بعد ری ایکشن سے نمٹنے کی صلاحیت نسبتا کمزور ہوتی ہے اس کا واضح سبب یہ کہ بڑی مرغیوں کے مقابلے میں ان چوزوں کی قوت مدافعت پختہ نہیں ہوتی، اسی لیے ضروری ہے کہ ان نومولود چوزوں کو امیونولا جیکل مدد فراہم کرنے کا مطلب ہی ہے کہ چوزوں کو جنم دینے والی مرغی کے بدن سے میٹرنل اینٹی باڈیز چوزوں میں منتقل کی جائے۔اسی طریقے کے تحت چوزوں کو جوقوت مدافعت حاصل ہوتی ہے۔اسے Acquired passive immunity یا مادرانہ مدافعت یعنی parental immunity کہا جاتا ہے۔

میٹرنل اینٹی باڈیز کیا کردار ادا کرتی ہیں؟

بیماریوں کی روک تھام میں میٹرنل باڈیز نمایاں کردار ادا کرتی ہیں،علاوہ ازیں جن پولٹری فارموں پر انتظام اور صفائی ستھرائی کا معیار خراب ہوتا ہے وہاں واضح طور پر یہ خطرح ہوتا ہیکہ کسی قسم کی بیماریاں چوزوں کو اپنی لپیٹ میں لیں گی۔اہم بات یہ ہے کہ ایسے فارموں پر چوزے پہلے روز ہی بیماریوں کا شکار ہو سکتے ہیں۔

ابتدائی مرحلے پر کی گئی ویکسنشن سے عام طور پر 100 فصد چوزوں میں امیونولا جیکل صلاحیت کی پوری طرح نشونما نہیں ہو پاتی۔اگر چوزوں میں ویکسینیشن کا عمل 2 سے 3 ہفتے کی عمر تک ملتوی کیا جاسکتا ہے تا ہم اس کا انحصار میٹرنل اینٹی باڈیز کی مقدار زیادہ ہو تو ایسی صورت میں نومولود چوزوں میں ویکسینیشن کے مثبت نتائج کو قبول کر کے ان کو ظاہر بھی کر سکیں۔

میٹرنل اینٹی باڈیز کم عمر کے چوزوں کو کئی بیماریوں سے محفوظ رکھتی واضح رہے کہ اس عمر میں بیماریوں یا انفیکشن کا شکار ہونے والے چوزے ابتدائی عمر میں آئی بی انفیکشن کا شکار ہو جاتے ان کی نشو ونما اور پیداواری کارکردگی معمول کے مطابق نہیں ہوتی۔

میٹرنل اینٹی باڈیز چوزوں کو آئی پی ڈی اور وائرل ارتھرائیٹس سے بھی محفوظ رکھتی ہیں، یہ بات اس لیے اہم ہے کہ ان مسائل کا شکار ہو جاتے ہیں۔

میٹرنل اینٹی باڈیز کی اقسام

چوزوں کے بدن میں موروثی طور پر موجود خون میں ایل ایل جی نامی امیونوگلو بین خاصی بڑی مقدار میں ہوتا ہے، چونکہ اس کا سائز بہت چھوٹا ہوتا ہے اس لئے یہ انڈے کی زردی میں جمع ہو جاتا ہے۔دوسرے امیونوگلوبین کا نام آئی جی ایم ہے یہ سائز میں نسبتا بڑا ہوتا ہے اور خون کی شریانوں میں ہی موجود رہتا ہے۔اسی لئے چوزوں میں passive امیونٹی پیدا کرنے میں اس کا کردار زیادہ اہم نہیں ہوتا۔یہ ایک روزہ چوزوں میں amniotic fluid میں بھی پایا جاتا ہے۔جہاں تک igA کا سوال ہے تو مرغیوں کے سیرم serum میں اس کی مقدار بہت کم ہوتی ہے اسی لیے چوزوں میں بھی یہ معمولی مقدار میں موجود ہوتا ہے۔

میٹرنل اینٹی باڈیز کی منتقلی

مرغی سے چوزوں کے بدن میں اینٹی باڈیز کی منتقلی کا عمل دو مراحل پر مشتمل ہوتا، اسی عمل کے ذریعے نومولود چوزوں میں passive امیونٹی منتقل ہوتی ہے۔پہلا مرحلہ یہ کہ مرغی کے خون میں شامل قوت مدافعت زیر تشکیل انڈے کی زردی۔میں پہنچتی ہے۔دوسرا مرحلہ یہ ہے کہ igG زردی کی تھیلی سے ایک خاص میکنزم کے ذریعے زیر تشکیل ایمبر یو تک پہنچتا ہے۔یہ عمل ہیچنگ سے صرف چند روز قبل وقوع پزیر ہوتا ہے۔علاوہ ازیں جب انڈہ اووی ڈکٹ(oviduct) تک پہنچتا ہے تو igM اور igA انڈے کی سفیدی میں داخل ہوجاتے ہیں۔چوزوں کے ایمبر یو embryo کی تشکیل کے بعد igM اور igA اس میں تحلیل ہو جاتے ہیں۔جب چوزہ پیدا ہوتا اس کے سیرم serum میں igG اور GUT میں igM اور igA موجود ہوتا ہے۔

میٹرنل اینٹی باڈیز میں کمی پیشی

نومولود چوزوں میں موجود اینٹی باڈیز کا براہ راست تعلق مادر مرغی (mother hen) میں پائی جانے والی باڈیز کی مقدار سے ہوتا ہے۔اگر بریڈر کی ویکسینین کو خاصہ عرصہ گزر چکا ہے تو ایسی صورت میں چوزوں کے جسم میں اینٹی باڈیز مقدار میں نسبتا کم ہوں گی، البتہ اگر مختلف بریڈر فلاکوں سے حاصل کردہ ہیچنگ انڈوں کو اکٹھا کر کے ان سے چوزے نکالے جائیں تو ان میں اینٹی باڈیز کی مقدار ایک دوسرے سے مختلف ہوگی۔چوزوں کی کامیاب ویکسینیشن یعنی اس عمل سے مطلوبہ نتائج حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ بریڈر فلاک میں بھی میٹرنل اینٹی باڈیز کی مقدار میں یکسانیت رہی ہو۔اس کے لیے بریڈر فلاک میں inactivated oil adjuvan vaccine کرنا بہترین طریقہ ہے۔اس کی بدولت کم مقدار میں اینٹی جن کی پیداوار ہوتی ہے جو

اگر بریڈر کی ویکسی نیشن کو زیادہ عرصہ گزر چکا ہو تو ایسی صورت میں نومولود چوزوں کے جسم میں اینٹی باڈیز کی مقدار نسبتا کم ہو گی

لیئر فیڈ میں راک فاسفیٹ (ڈی سی پی) کا استعمال

لیئر مرغیوں کی خوراک میں معدنی نمکیات بڑے اہم جزو کی حیثیت رکھتے ہیں۔ مختلف نمکیات جسمانی ڈھانچہ بنانے کے کام آتے ہیں اور اس کے علاوہ مرغیوں کے انڈوں کے خول کی ساخت اور دیگر اہم افعال کے لیے بھی ان کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ نمکیات میں اہم ترین کیلشیم اور فاسفورس ہیں جو چونے کے پتھر، ہڈیوں کے چورے اور سنگ مرمر کو پیس کر مختلف طریقوں سے خوراک میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ کیلشیم اور فاسفورس کی خوراک میں موجودگی چوزوں کی بڑھوتری، افزائش اور بہتر پیداوار کے لیے ناگزیر ہے۔ اگرچہ ان دونوں دھاتوں کا تعلق ایک جیسے عوامل سے ہے مگر پھر تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اگر کیلشیم خوراک میں موجود ہو اور فاسفورس نہ ہو تو اس سے کیلشیم کی کارکردگی بھی کافی حد تک متاثر ہوتی ہے۔

لہٰذا کیلشیم اور فاسفورس دونوں خوراک کے اندر ایک خاص تناسب سے موجود ہونے چاہئیں۔ کیلشیم زیادہ تر چونے کے پتھر سے حاصل کیا جاتا ہے جبکہ فاسفورس کے حصول کے لیے ڈی سی پی یا ہڈیوں کا چورہ وغیرہ بروئے کار لائے جاتے ہیں۔ ڈی سی پی اور ہڈیوں کا چورہ وغیرہ کافی عرصے سے خوراک بنانے والی کمپنیاں باہر کے ممالک سے درآمد کرتی آ رہی ہیں۔ جس پر کثیر زرمبادلہ صرف ہوتا ہے۔ ایک جائزے کے مطابق ڈی سی پی تقریباً 11 روپے فی کلوگرام اور ہڈیوں کا چورہ تقریباً 8 روپے فی کلوگرام کے حساب سے دستیاب ہے۔ صرف فاسفورس کے حصول کے لیے اس قدر بڑی رقم خوراک کی کل لاگت پر گہرا اثر ڈالتی ہے۔ اسی لیے ماہرین پولٹری اور خوراک کے سائنسدان ایک عرصے سے ڈی سی پی کے نعم البدل کی تلاش میں سرگرداں تھے۔ بیسویں صدی کے وسط میں ماہرین نے ایک ایسے ذخیرہ قدرت کو ڈھونڈ نکالا جو کہ ڈی سی پی اور ہڈیوں کے چورے جیسے مہنگے ذرائع فاسفورس کا مکمل نعم البدل ثابت نہیں ہوا۔ یہ نہ صرف ضروریات کے عین مطابق اور معیاری ثابت ہوا بلکہ قیمت کے لحاظ سے کافی سستا بھی تھا۔ ماہرین نے اسے راک فاسفیٹ (قدرتی فاسفورائیٹ) نام دیا ہے جو کہ دنیا کے چالیس سے زائد ممالک میں سے زائد ممالک میں دریافت ہو کر نکالا جا رہا ہے۔ فاسفورائیٹ پیدا کرنے والے بڑے ممالک میں امریکہ، روس، مراکش، الجیریا، تیونس، ہندوستان، پاکستان اور افریقہ کے بہت سے ممالک شامل ہیں۔ دنیا بھر میں اس وقت تقریباً ڈیڑھ سو ملین فاسفورائیٹ ہر سال نکالا جا رہا ہے جس میں امریکہ سے 50، روس سے 30 اور مراکش سے 20 ملین ٹن فاسفورائیٹ نکالا جاتا ہے۔ پاکستان میں قدرتی فاسفیٹ کے ذخائر کافی مقدار میں موجود ہیں۔ مانسہرہ، ایبٹ آباد کے علاقوں میں کانوں سے کافی مقدار سے فاسفورائیٹ نکالا جا رہا ہے۔ اور اس کا باقاعدہ تجزیہ مختلف تحقیقی لیبارٹریوں میں کیا جا چکا ہے جس کے مطابق فاسفورائیٹ میں تقریباً 13 فیصد فاسفورس اور 33 فیصد کیلشیم موجود ہے بعض ممالک میں قدرتی فاسفیٹ کے ساتھ فلورین اور کلورین کی خاصی مقدار بھی موجود پائی گئی۔ جس وجہ سے اس کے استعمال میں کافی احتیاط برتی جانے لگی۔ پھر بعد میں فلورین کو اس سے علیحدہ کر کے خوراک میں استعمال کیا جانے لگا ہے۔ پاکستان میں دریافت ہونے والی فاسفورائیٹ میں فلورین یا کلورین بہت معمولی مقدار میں موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صرف ایبٹ آباد، مانسہرہ کے علاقوں میں تقریباً 1,50,000 بریڈر کی خوراک میں قدرتی فاسفیٹ استعمال کیا جا رہا ہے۔ جس سے کسی قسم کا کوئی مسئلہ کبھی بھی دیکھنے میں نہیں آیا۔ اس کے علاوہ ملک کی معروف خوراک کی کمپنیاں خوراک کی تیاری میں فاسفورائیٹ کو باقاعدہ استعمال میں لا رہی ہیں۔ ڈی سی پی کی نسبت اگرچہ فاسفورائیٹ میں فاسفورس کی مقدار تھوڑی کم ہے مگر قیمت کے اعتبار سے فاسفورائیٹ انتہائی ارزاں نرخوں پر دستیاب ہو سکتا ہے۔ عموماً ٹرک منگوانے کی صورت میں فاسفورائیٹ صرف چار روپے فی کلوگرام کے حساب سے مل سکتا ہے جو کہ ڈی سی پی کی قیمت خرید کا ایک تہائی جبکہ ہڈیوں کے چورے کی قیمت کا نصف حصہ ہے۔ فاسفورائیٹ میں نہ صرف فاسفورس خاصی مقدار موجود ہے بلکہ اس کے اندر دوسری بہت سی مفید دھاتیں/نمکیات بھی پائے جاتے ہیں جو کہ پرندوں کی صحت و تندرستی کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ جبکہ اس کے مقابلے میں فاسفورائیٹ اس طرح کے مضرات سے بالکل پاک ہیں اور اسے خوراک میں حفاظت ڈی سی پی کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ فاسفورائیٹ کی دریافت سے خوراک بنانے والی کمپنیاں اور وہ فارمر جو اپنے فارموں پر خود خوراک تیار کرتے ہیں۔ خاص طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور یوں نمکیات پر اٹھنے والے خرچ کو کم کر سکتے ہیں جو کہ ان کی خوراک کے کل لاگت پر کمی کرنے میں کافی ممد معاون ثابت ہو گا۔ قدرتی فاسفورائیٹ اس وقت کھادوں (سنگل سپر فاسفیٹ، ٹرپل سپر فاسفیٹ، نائٹرو فاسفیٹ، ڈائی امونیم فاسفیٹ، امونیم نائٹرو فاسفیٹ وغیرہ) کی تیاری میں کافی استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ اسے فاسفورک ایسڈ بنانے میں بھی بروئے کار لایا گیا ہے۔ جس سے بعد میں دوسرے کیمیائی مرکبات جیسے سوڈیم فاسفیٹ، مونو کیلشیم فاسفیٹ اور ڈی سی پی وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔ یوں قدرت نے اپنے اس اصول کہ ”کائنات میں کوئی شے بے سود نہیں بنائی گئی“ کو واضح کر دکھایا ہے۔ اور ماہرین پولٹری اور دوسرے سائنسدانوں کی کاوشیں رنگ لائی ہیں کہ جنہوں نے اپنی انتہائی سمجھ بوجھ اور احتیاط کو بروئے کار لاتے ہوئے قدرتی فاسفیٹ کو جانوروں اور پودوں کی صحت و افزائش کے لیے انتہائی کارآمد بنا کر پیش کیا ہے۔


FSSC 22000
FSSC 2200, ISO 2200 & ACTS HALAL Certified
The Protein King™
SB eggs®
صحت بخش انڈے صحت مند زندگی™
40 Years of Poultry Expertise
HACCP & ISO 22000 certified
Best Before
Food grade stamp on egg shells
Packing
Environment friendly paper pulp trays
Weight
First time eggs are graded on size / weight
Protection
Specially designed packs to avoid eggs breakage
Air Pockets
Air circulation pockets to maintain freshness
The Protein King
12 Super Eggs
SB Eggs
6, 12, 30 & 90 Eggs
Packings Available
• Fresh • Hygienic
• Natural • Nutritious
CONTACT
0322 - 555 5001
Sbeggs @sadiqfeeds.com

مرغی

(Neck)، مصری (Fayoumi)، گولڈن (Rhode Island Red White)، کمرشل لئیر (Leghorn White)، کمرشل پلایموتھ روک (Plymouth rock) کے انڈے لئے گئے اور ان میں موجود پروٹین، لپڈز، معدنیات اور فیٹی ایسڈز کا موازنہ کیا گیا۔ تحقیق سے یہ بات سامنے آئی کہ ولائتی مرغی کے انڈے میں پروٹین کی شرح باقیوں سے تھوڑی کم ہے تاہم اگر ہم ایک انڈے سے حاصل ہونے والی پروٹین کا موازنہ کریں تو وزن زیادہ ہونے کی وجہ سے ولائتی انڈہ ہمیں پروٹینز کی زیادہ مقدار (گرام) فراہم کرتا ہے۔ اسی طرح معدنیات اور فیٹی ایسڈ بھی ولائتی انڈے میں باقی مرغیوں کی نسبت زیادہ پائے گئے ہیں۔ اس ریسرچ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ولائتی انڈے بڑا سائز ہونے کی وجہ سے دیسی کی نسبت زیادہ غذائیت دیتے ہیں اور انکی قیمت بھی دیسی سے کم ہوتی ہے۔ اسلئے ایسے شکوک وشبہات پر یقین کرنے کی بجائے ہمیں جو بھی انڈہ آسانی سے مل جائے کھا لینا چاہئے۔ کیونکہ غذائی اعتبار سے سبھی انڈے تقریباً برابر ہوتے ہیں۔

انڈے آپ کو کتنے فوائد پھنچا سکتے ھیں؟

انڈے کا شمار بہترین غذاؤں میں ہوتا ہے اور غذائی اہمیت کے اعتبار سے دودھ کے بعد اس کا نمبر ہے۔ لوگوں میں ایک غلط فہمی عام ہے کہ موسم گرما میں انڈے نہیں استعمال کرنے چاہیے اور اسی وجہ سے اسے موسم سرما کی غذا خیال کیا جاتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ موسم گرما میں بھی انتہائی مفید ہے۔ انڈے کے استعمال سے دماغ اور آنکھوں کو تقویت حاصل ہوتی ہے اور بیماری کے بعد ہونے والی کمزوری کو دور کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انڈے میں پروٹین، فاسفورس اور کیلشیم کی بھاری مقدار پائی جاتی ہے۔ سو گرام انڈے میں درج ذیل غذائی اجزا پائے جاتے ہیں: پروٹین کے استعمال سے جسم میں طاقت اور حرارت پیدا ہوتی ہے۔ کیلشیم پھیپھڑوں کی ساخت کو درست رکھنے اور جسم کی نشونما میں اور پیشاب کی تیزابیت دور کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ فولاد خون کے سرخ ذرات پیدا کرتا ہے۔ فاسفورس اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ انڈے میں معدنی نمک بھی پائے جاتے ہیں۔ شیخ الرئیس بوعلی سینا کے نزدیک انڈا تقویت قلب کے لیے مفید ہے۔ انڈے کو تیز آگ پر پکانے سے گریز کریں اور نہ ہی زیادہ سخت پکائیں کیونکہ اس طرح پروٹین ضائع ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ عموماً انڈا ہاف بوائل استعمال کرتے ہیں۔ انڈے ہمیشہ اعتدال کے ساتھ کھانے چاہیے کیونکہ ان کے بارے میں دو رائے عام ہیں, ایک یہ کہ جتنے کھائیں مفید ہے جبکہ دوسری رائے کے مطابق زیادہ کھانے سے کولیسٹرول میں اضافہ ہوسکتا ہے جو کہ امراض قلب کا باعث بن سکتا ہے- اس لیے سب سے بہتر طریقہ اعتدال ہی ہے- انڈے کی زردی کا مزاج گرم تر جبکہ سفیدی کا سرد تر ہوتا ہے اور اسے جس قدر ابالیں گے، یہ اتنی ہی دیر سے ہضم ہوگا۔ لہٰذا انڈا اتنا ابالیئے کہ سفیدی جم جائے مگر زردی نہ جمے۔ انڈا ہمیشہ تازہ استعمال کرنا چاہیے۔ تازہ انڈے کی پہچان یہ ہے کہ گلاس بھر پانی میں تین چمچ نمک ملا لیں۔ اب اس محلول میں انڈے ڈالیے، خراب انڈا تیرنے لگے گا جبکہ تازہ ڈوب جائے گا۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اندھیرے کمرے میں بلب روشن کر کے انڈے کو روشنی کے رخ پر رکھیں۔ اگر وہ نیم شفاف نظر آئے، تو ٹھیک، دھبے نظر آئیں تو خراب ہوگا۔ انڈوں میں شامل زیادہ پروٹین اضافی کھانے کی خواہش کو کم کرتا ہے اور یوں انسان الٹا سیدھا کھانے سے محفوظ رہتا ہے اور جسمانی وزن بھی کم ہوتا ہے۔ انڈوں کے استعمال سے بلڈ پریشر میں کمی واقع ہوتی ہے جس سے امراض قلب کا امکان بھی کم ہو جاتا ہے- انڈے کینسر کے خطرے کو بھی کم کرتے ہیں- ایک تحقیق کے مطابق پکنے کے بعد انڈوں میں اینٹی آکسائیڈنٹ کی شرح نصف رہ جاتی ہے، لیکن یہ مقدار بھی کینسر سے محفوظ رکھنے کے لیے مددگار ثابت ہوتی ہے- انڈوں میں امائنو ایسڈ کی موجودگی لوگوں کے اندر فیصلہ کرنے کی صلاحیت بہتر بناتی ہے اور آپ کسی حادثے کی صورت میں فوری فیصلہ لینے کے قابل ہوتے ہیں- انڈوں میں اومیگا 3 بھی موجود ہوتا ہے، جو سب سے زیادہ مچھلی میں پایا جاتا ہے۔ بڑھتے ہوئے بچوں کی نشونما اور انہیں کمزوری سے محفوظ رکھنے کے لیے انتہائی اہم عنصر ہے۔ یہ ان میں مختلف بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت بھی پیدا کرتا ہے۔ ہر عمر کے افراد میں جسمانی افعال کو بہتر بنانے میں اس کا کردار بے حد اہم ہے۔ انڈے میں 18 اقسام کے امائنو ایسڈز پائے جاتے ہیں، جو پورے جسم کی نشونما کے لیے ضروری ہوتے ہیں اور وہ خوراک کے دیگر اجزاء کو بھی آپ کے جسم کا حصہ بناتے ہیں۔ دماغ اور جسم کی صحت کے لیے امائنو ایسڈز ناگزیر ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ جسم میں خلیات کی شکست وریخت کے عمل میں کو بھی متوازن بناتے ہیں، ورنہ جسمانی نظام میں کوئی بگاڑ پیدا ہوسکتا ہے۔ ان قابل تحلیل مادوں سے ہمارا جسم ہارمونز والی رطوبتیں، قوت مدافعت پیدا کرنے والے خلیات اور اعصابی پیغامات کو جسم میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے والے مادے بھی ان ہی ایسڈز کی مدد سے پیدا ہوتے ہی۔ انڈوں میں وٹامن E کی موجودگی کی وجہ سے خون میں ننھے لوتھڑے (Clouts) بننے کی نوبت نہیں آتی، جس کی وجہ سے انسان فالج اور امراض قلب سے محفوظ رہتا ہے۔ انڈے کی زردی آنکھوں، دماغ، قوت حافظہ اور بینائی کو فائدہ پہنچاتی ہے۔ اس میں موجود ایک عنصر کولیسٹرول کو خون میں جذب ہونے سے روکتا ہے۔ یادداشت کو بہت بنانے میں بھی انڈے کی زردی اہم کردار ادا کرتی ہے اور دماغ صلاحیتوں کو بڑھاتی ہے۔ دوران خون اور اعصاب کے نظام کو بہتر بنانے میں زردی اہم کردار ادا کرتی ہے، کیونکہ اس میں فاسفورس کے اجزاء بھی پائے جاتے ہیں۔ بچوں کے مرض سوکھا میں انڈے کی زردی انتہائی مفید ہے اس کی سفیدی کا پانی بچوں کے دستوں وپیچش میں بہت مفید چیز ہے۔ انڈا کھانے سے آپ کے دانت اور ہڈیاں مضبوط ہوتے ہیں- جو لوگ وزن کم کرنا چاہتے ہیں انڈا ان کے لیے ایک بہترین غذا ہے- انڈے کے استعمال سے جسم کے پٹھے مضبوط ہوتے ہیں- بالوں اور ناخنوں کی بڑھنے کے لیے بھی انڈے کا استعمال بہترین ہے-

آپ کی پسند؟ دیسی یا ولائیتی انڈے

(فیصل حسنین، حافظ محمد ثاقب) ڈیپارٹمنٹ آف پولٹری پروڈکشن یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور

انڈہ ایک مکمل غذا ہے جس میں انسانی جسم کی ضرورت کے تمام امائینو ایسڈ، وٹامنز، اور معدنیات وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔انڈے کی غذائیت کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ ایک انڈہ بغیر کسی بیرونی مدد اور غذائیت کے ایک چوزے میں تبدیل ہو جاتا ہے۔یعنی کہ قدرت نے انڈے میں ایک نئ زندگی پیدا کرنے کے تمام اجزاء ڈالے ہیں۔مزید برآں انڈہ قدرت کی ان غذاؤں میں شامل ہوتا ہے جس میں ملاوٹ نہیں کی جا سکتی۔ انہی خوبیوں کی بنا پر ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (World Health Organization) نے انڈے کو 100 پوائنٹ ریٹنگ دی ہے۔ انڈے کی پروٹین نا صرف ہماری غذائی ضروریات پوری کرتی ہے بلکہ اس کی اعلیٰ کوالٹی کی وجہ سے سائنسدان اسے دوسری پروٹین کا معیار ماپنے کے لئے سٹینڈرڈ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ان ساری خوبیوں کے ساتھ انتہائی کم قیمت میں اس کی دستیابی مہنگائی کے دور میں انڈے کو ہر قسم کے لوگوں کے لئے ایک مقبول خوراک بناتی ہے۔

پاکستان میں پولٹری کی صنعت کے قیام سے ہی عوام الناس ولائتی مرغی کے انڈوں اور گوشت کے بارے میں نت نئے شکوک و شبہات کا شکار رہے ہیں۔آج بھی کثیر تعداد میں لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ دیسی مرغی ولائتی مرغی کی نسبت زیادہ غذائیت سے بھر پور ہے۔حال ہی میں بہت سے ڈاکٹر حضرات بھی بغیر تحقیق کئے اس سوچ کی تقلید کرنا شروع ہو گئے ہیں اور مریضوں کو ولائتی مرغی سے پرہیز کا مشورہ دے کر انہیں قدرت کے اس عظیم تحفے سے دور کر دیتے ہیں۔جس کی وجہ سے پاکستانی عوام اس وقت پروٹین کی کمی کا شکار ہوتے جا رہے ہیں۔اس تناظر میں پاکستان کی پولٹری انڈسٹری انڈے کی شکل میں سستی پروٹین دے کر ملک وقوم کی خدمت کر رہی ہے۔تاہم عوام الناس میں پیدا ہونے والی اس سوچ کی تصحیح بھی ضروری ہے کہ دیسی مرغی کے انڈے ولائتی کی نسبت زیادہ بہتر ہیں۔ یہ ایک عام تاثر ہے کہ انڈے کے چھلکے کی رنگت کا اسکی غذائیت سے گہرا تعلق ہے۔ براؤن چھلکے والے انڈے (Brown Shelled) جن کو عرف عام میں دیسی انڈے سمجھا جاتا ہے انہیں سفید چھلکے والے انڈوں پر فوقیت دی جاتی ہے۔حالانکہ چھلکے کے رنگ اور انڈے کی غذائیت کا آپس میں کوئی تعلق نہیں ہے۔ دنیا میں 300 سے زیادہ اقسام کی مرغیاں پائی جاتی ہیں۔جنہیں ہم انکی خصوصیات اور علاقائی بنیاد پر 4 کلاسز میں تقسیم کرتے ہیں۔یہ چار کلاسز 'امریکی' 'یورپی' 'ایشیائی' اور 'بحیرہ روم کے اطراف پائی جانے والی' مرغیاں (Mediterranean Class) ہیں۔ ما سوائے میڈیٹرینین کلاس کے باقی تمام کلاسز کی مرغیاں براؤن چھلکے والے انڈے دیتی ہیں۔یعنی کہ انڈے کا چھلکہ مختلف قسم کی مرغیوں میں جینیاتی تغیرات (Genetic Variations) کو ظاہر کرتا ہے اسکا انڈے کی غذائیت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔اسی طرح انڈے کی زردی (Yolk) کے رنگ کو بھی غذائیت ماپنے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ بھی ایک غلط معیار ہے اور ان دونوں کا آپس میں کوئی تعلق نہیں ہے۔انڈے کی زردی کا پیلا رنگ دو مرکبات 'کیروٹینائیڈز اور زینتھوفل (Carotenoids and Xanthophylls)' کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یہ مرکبات پتوں اور پھولوں میں کثیر تعداد میں پائے جاتے ہیں۔عام طور پر گھروں میں پالی جانے والی مرغیاں ادھر اُدھر چگتی رہتی ہیں جسکی وجہ سے ان میں ان ددنوں مرکبات کی زیادتی ہوتی ہے، اور انکی زردی ولائتی مرغی کی نسبت زیادہ گہرے رنگ کی ہوتی ہے۔تاہم زردی کے رنگ کی گہرائی کا انڈے کی غذائیت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

عوام الناس کے ذہن میں پیدا ہونے والے ان نت نئے شکوک و شبہات کی حقیقت جاننے کیلئے یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے شعبہ پولٹری پروڈکشن میں ایک تحقیق کی گئی۔ جس میں مرغیوں کی 6 مختلف اقسام کے انڈے لیکر انکی غذائیت کا موازنہ کیا گیا۔اس تحقیق میں اسیل (Aseel)، گنجی

مرغی کی نسل	پروٹین (%)	پروٹین (گرام) فی انڈہ	معدنیات (%)	آئرن (PPM)
اسیل	11.67	4.9	2.09	3.62
مصری	10.96	5.15	1.90	3.73
ولائتی (لیگ ہارن)	10.05	5.83	1.89	5.59
گنجی مرغی	11.48	5.16	1.99	4.12
گولڈن	11.23	5.61	2.00	5.65
پلائیموتھ راک (برائلر بریڈر)	11.50	6.65	1.90	4.86

رمضان بازار کے حوالے سے برائیلر ونگ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن نارتھ ریجن کی میٹنگ 19مارچ، 2024کو منعقد ہوئی۔

19مارچ ،2024 کو پولٹری ہاؤس جوہرٹاؤن لاہور میں برائیلر ونگ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی میٹنگ منعقد ہوئی۔میٹنگ میں ساجد ملک ،سینئیر وائس چئیر مین پی پی اے، چوہدری محمد نصرت طاہر، وائس چئیر مین پی پی اے، رضا محمود خورسند، چوہدری محمد فرغام، محمد عظمت چوہدری ، رائے منصب علی کھرل ، بلال واہلہ ،فہیم الطاف، ڈاکٹر جاوید اقبال، میاں سہیل ،محمد یٰسین ، چوہدری خادم حسین ، ڈاکٹر حبیب، طارق جاوید، عثمان یونس ،شاہد اقبال، حسن اشرف اور

میجر (ریٹائیرڈ) سید جاوید حسین بخاری، ریجنل سیکرٹری پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن نے شرکت کی۔جیسا کہ پنجاب گورنمنٹ بار بار درخواست کررہی ہے۔میٹنگ میں رمضان بازار میں دی جانے والی سبسڈی کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی گئی۔میٹنگ میں طے پایا کہ 25روپے فی کلو کے حساب سے مرغی کے گوشت اور 6روپے فی درجن کے حساب سے انڈوں پر سبسڈی دی جائے گی۔

حکومت پنجاب اور پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی جانب سے پنجاب بھر کے ماڈل بازاروں میں مرغی کا گوشت اور انڈے پر سبسڈی دی جا رہی ہے۔

12 مارچ 2024 کو رمضان المبارک میں دی جانے والی سبسڈی کے حوالے سے میٹنگ سیکرٹری انڈسٹریز کے دفتر TEVTA گلبرگ، لاہور میں منعقد ہوئی۔ مسٹر شافع حسین، منسٹر انڈسٹریز، مسٹر بلال یٰسین، منسٹر فوڈ ڈیپارٹمنٹ، مسٹر عاشق حسین، منسٹر ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ اور محمد مسعود انور سیکرٹری لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ پنجاب بمعہ متعدد سرکاری اہل کاروں کی میٹنگ چوہدری محمد نصرت طاہر وائس چیئر مین پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن، جناب طارق جاوید اور میجر (ریٹائیرڈ) سید جاوید حسین بخاری، ریجنل سیکرٹری پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن سے ہوئی۔ جس میں ماڈل بازار جن شہروں میں ہیں ان میں مرغی کے گوشت پر 25 روپے اور انڈوں پر 6 روپے فی درجن اور تمام مرغی کی دکانوں پر پورے پنجاب میں 10 روپے اور انڈوں پر 6 روپے فی درجن کے حساب سے سبسڈی پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن ادا کرے گی۔ یہ سبسڈی مرغی کے گوشت اور انڈوں پر 29 شعبان سے شروع ہو کر 27 رمضان تک جاری رہے گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری محمد نصرت طاہر کا کہا تھا کہ عوام کو ریلیف پہنچانا پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی اولین ترجیح ہے اور وہ یہ خدمت کئی سالوں سے عوام کی کر رہے ہیں۔ پنجاب میں تمام قائم کردہ رمضان بازاروں اور ماڈل بازاروں میں مرغی کا گوشت اور انڈے سبسڈی پر فراہم کی جا رہی ہے۔ پنجاب حکومت کے علاوہ پی پی اے کی اپنی مانیٹرنگ ٹیمیں مسلسل رمضان بازاروں کا دورہ کریں گی تا کہ پی پی اے اور پنجاب حکومت کے معاہدے پر عمل درآمد کا جائزہ کیا جا سکے جس کے تحت ایسوسی ایشن رمضان بازاروں میں مرغی اور انڈے کا سٹاک رعایتی نرخوں پر فراہم کر رہی ہے۔

پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے وفد کی جناب بلال یٰسین منسٹر فوڈ سیکورٹی سے ملاقات۔

17 مارچ 2024 بروز اتوار کو پولٹری ریٹ کے سلسلے میں ایک ایمرجنسی میٹنگ کال کی جس کو منسٹر فوڈ سیکیورٹی بلال یٰسین صاحب نے چیئر کیا کمشنر لاہور جناب محمد علی رندھاوا صاحب نے آن لائن اور ڈپٹی کمشنر لاہور، سیکرٹری لائیو سٹاک، سیکرٹری انڈسٹری کے ساتھ ڈائریکٹر جنرل لائیوسٹاک (ریسرچ) ڈائریکٹر جنرل لائیوسٹاک (جنرل) نے معاونت کی۔ میٹنگ میں وائس چیئر مین پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن چوہدری محمد نصرت طاہر، چیئر مین ریٹ کمیٹیز رانا قاسم اقبال اور صدر پنجاب پولٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن طارق جاوید نے پولٹری انڈسٹری کا موقف بیان کیا۔ گورنمنٹ کی طرف سے واضح موقف سامنے آیا ہے کہ چکن کا زیادہ سے زیادہ فارم ریٹ 340 روپے مقرر کیا جا رہا ہے اور کسی بھی صورت میں اس کی مقرر کردہ ریٹ سے گراں فروشی برداشت نہیں کی جائیگی اور اس سلسلے میں جرمانوں اور ایف آئی آرز درج کرنے سے گریز نہیں کیا جائیگا۔ بہت ساری وضاحتوں اور حقیقی مسائل پر بات کرتے ہوئے پولٹری کی تنظیمیں گورنمنٹ کو یہ بات منوانے پر کامیاب ہو گئیں کہ لاہور کا فارم گیٹ ریٹ 360 سے زیادہ بڑھنے نہیں دیا جائیگا۔ اور کوشش کی جائے گی کہ رمضان المبارک میں

پولٹری سپلائی کسی تعطل کا شکار نہ ہو۔ منسٹر فوڈ اور سیکرٹری صاحبان نے ہماری اس بات سے اتفاق کیا اور یوں یہ میٹنگ اختتام پذیر ہوئی۔ تمام پولٹری فارمرز پولٹری ٹریڈرز اور ریٹیلرز کو درخواست کی جاتی ہے کہ آگاہ رہیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ طے شدہ زبانی معاہدہ کی پاسداری کریں اور اپنے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی کسی مشکل کا شکار ہونے سے بچائیں۔

اداریہ

اس سال ماہ رمضان میں پنجاب میں ماڈل بازاروں کا قیام ہوا اور پی پی اے کی جانب سے لاکھوں روپے کی سبسڈی مرغی کے گوشت اور انڈوں پر دی جا رہی ہے۔

پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے زیراہتمام ہرسال کی طرح اس سال بھی رمضان بازاروں میں پی پی اے کی جانب سے سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔لاکھوں روپے کی سبسڈی پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن برداشت کرے گی۔جیسا کہ پچھلے 24 سال سے پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن ملک بھرمیں سستے ترین ریٹس پرعوام تک مرغی کا گوشت اورانڈوں کی فراہمی کویقینی بنارہی ہے۔اسی طرح اس رمضان المبارک میں ہررمضان بازار میں مرغی کے گوشت اورانڈوں کی فراہمی کوسستے ریٹس میں فروخت کویقینی بنایا گیا۔عوام کوریلیف پہنچانا ہمیشہ سے پی پی اے کی اولین ترجیح رہی ہے اوراس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے وائس چیئرمین پی پی اے چوہدری محمد نصرت طاہر نے اپنی سپرویثرن میں ان بازاروں کی نگرانی کا فیصلہ کیا تھا تا کہ عوام کوسبسڈائزڈ ریٹس پر مرغی کا گوشت اورانڈوں کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔اس سال پولٹری سٹالز پر25 روپے فی کلومرغی کے گوشت پراور 6روپے فی درجن انڈوں پر دی جانے والی سبسڈی کویقینی بناسکیں۔ حکومت پنجاب اورضلعی انتظامیہ لاہور کی جانب سے عوام کی آسانی کے لئے لاہور کے تمام ماڈل بازاروں میں اشیاءضروریہ کی مسلسل سپلائی جاری ہے۔جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مرغی کے گوشت اورانڈوں کی فراہمی عام آدمی تک ممکن بنائی گئی ہے۔پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کا مقصد ہمیشہ سے یہی رہا ہے کہ وہ ہرصورت میں پاکستان کی عوام کوسستی پروٹین مرغی کے گوشت اورانڈوں کی صورت میں فراہم کرتی رہے خصوصاً پولٹری فارمرز کیلئے ایسے حالات سازگار بنائے رکھنا جن سے وہ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے اس مقصد کوجاری رکھ سکیں۔پاکستان میں پولٹری ملک کی دوسری بڑی صنعت کا درجہ حاصل کرچکی ہے۔

جی ایم سویابین پر پابندی اوراس سال گرینڈ پیرنٹ کی درآمد پر پابندی کی وجہ سے مرغی کے گوشت اورانڈوں کی قیمت میں اضافہ مسلسل جاری ہے۔

جی ایم سویابین اوراس سال گرینڈ پیرنٹ کی درآمد پر پابندی کی وجہ سے برائیلر کا گوشت اورانڈے مزید مہنگے ہوتے جارہے ہیں۔گرینڈ پیرنٹ کی درآمد 267,000 سے کم ہوکر 65,000 تک محدود ہوکر رہ گئی ہے،جس کی وجہ سے مرغی کے گوشت کی مجموعی پیداوار میں ایک خاطرخواہ کمی نظرآئی ہے۔مرغی کے گوشت کی ڈیمانڈ زیادہ اورسپلائی کم ہونے کی وجہ سے نتیجتاً اس کی قیمت میں بے حد اضافہ ہوگیا ہے۔ اس سال چکن کی قیمت میں گزشتہ سال کے مقابلے میں تقریباً 35 فیصد اضافہ ہوا ہے۔پولٹری انڈسٹری کے قائدین اور ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر یہی حالات رہے تو آنے والے دنوں میں یہ قیمتیں مزید بڑھ جائیں گی۔پاکستان میں صرف چند کمپنیاں ہی گرینڈ پیرنٹ کا اسٹاک (جی پیز) درآمد کرتی ہیں۔جس بنا پر مزید پیرنٹ سٹاک اور برائیلر مرغی کی پیداوار کی جاتی ہے۔پاکستان میں سویابین میل اورگرینڈ پیرنٹ پر لگائی گئی پابندی کوختم کرنا چاہیئے،تاکہ ہمارے ملک میں جو برائیلر کی پیداوار متاثر ہوئی ہے اس پرقابو پایا جاسکے۔پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن ہمہ وقت معیاری اورسستی پروٹین عوام کوپہنچانے کے لئے کوشاں ہے۔

اریبہ رضا

فہرست

رمضان بازار کے حوالے سے برائیلرونگ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن نارتھ ریجن کی میٹنگ 19 مارچ، 2024 کو منعقد ہوئی۔ 62

پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے وفد کی جناب بلال یسین منسٹر فوڈ سیکورٹی سے ملاقات۔

حکومت پنجاب اور پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی جانب سے پنجاب بھر کے ماڈل بازاروں میں مرغی کا گوشت اور انڈے پر سبسڈی دی جا رہی ہے۔

فیچر:

آپ کے پسندیدہ دیسی یا ولایتی انڈے

فلاک کی اعلیٰ ترین کارکردگی

لئیر فیڈ میں راک فاسفیٹ کا استعمال

چوزوں میں موروثی اینٹی باڈیز

ناپ تول میں کمی کرنا ڈنڈی مارنا

بریڈر مرغیوں کی نگہداشت

ماحولیاتی کنٹرول شیڈ کی تعمیر

ریسیپی: 38

چکن کوکونٹ

پاکستان پولٹری میگ

ایڈیٹوریل بورڈ

چیئرمین اینڈ ایڈیٹر ان چیف

چوہدری محمد نصرت طاہر

ایگزیکٹو ایڈیٹر

میجر (ر) سید جاوید حسین بخاری

ایڈیٹر

اریبہ صفدر

تکنیکی مشیران

ڈاکٹر عبدالکریم، حسن سروش اکرام

ڈاکٹر مصطفیٰ کمال، ڈاکٹر مسعود صادق

ڈاکٹر سید رضا علی حیدر

اعزازی مشیران

مسٹر خلیل ستار

ڈاکٹر رانا سجاد راشد

مسٹر عبدالباسط

مسٹر جان محمد جاوید

ڈاکٹر محمد ارشد

اراکین

ڈاکٹر ایف ایم صابر مسٹر عبدالحئی مہتا

ڈاکٹر انور محمود رندھاوا

مسٹر شاہد اقبال

ڈیزائنر /فوٹو گرافر

ایم طاہر ندیم tnadeem009@gmail.com

0300-4347426

پرنٹر

حُسنین الیاس پرنٹرز

پبلیشر

میجر (ر) سید جاوید حُسین بخاری

24 آر (پولٹری ہاؤس)، جوہر ٹاؤن، لاہور

جملہ حُقوق بحق ایڈیٹر یل بورڈ محفوظ، اس شمارے میں شائع ہونے والے مواد یا اس کے کسی حصے کی اشاعت کا ایڈیٹوریل بورڈ کی پیشگی اجازت کے بغیر ممنوع ہے۔

اس شمارے میں شائع ہونے والے مضامین یا دیگر مواد کا ایڈیٹر یا ایڈیٹوریل بورڈ متفق ہونا ضروری نہیں۔

قیمت فی شمارہ: 500 روپے

اندرون ملک سالانہ: 5000 روپے (بذریعہ عام ڈاک)

بیرون ملک سالانہ: 400 امریکی ڈالرز

shamsi poultry

اسلام آباد ونڈا
اسلام آباد فیڈز کا ایک منصوبہ
جانوروں میں دودھ اور گوشت کی پیداوار یقینی بنانے کے لئے اسلام آباد فیڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا تیار کردہ معیاری ونڈا استعمال کریں
اسلام آباد ونڈا
REG# 00035197
40KG
D1
D2
Fattening
Calf Starter
ISLAMABAD FEEDS (PVT) LTD.
CONTACT DETAIL
UAN: 051 111 99 66 99
Tel: 051-4845645
National Sales Manager 0300-0601038
www.islamabadgroup.com
/IslamabadWanda
ACS
HALAL Certified
HACCP
ISOQAR
REGISTERED
UKAS
MANAGEMENT SYSTEMS
حلال
100%

BIG BIRD
FOODS

Eat Well. Live Well

JUICY TENDERS

TEMPURA NUGGETS

BIG BIRD
Eat Well. Live Well

HACCP Certified Company

FSSC (ISO 22000) Certified Company

HALAL حلال
BUREAU VERITAS Certification
BUREAU VERITAS 1828

bigbirdfoods.com.pk | 03374019990